سوال

(95) زچگی دوران کپڑے کو خون لگنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کے ہاں ولادت کے موقعہ پر ڈاکٹر یا نرس کے کپڑے زچہ کے خون اور آلائش سے آلودہ ہو جاتے ہیں، کیا ان کے لیے ان کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہے؟ چونکہ یہ کام ہی اس طرح کا ہے کہ اس میں ہر نماز کے لیے بار بار کپڑے تبدیل کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان کے لیے ضروری ہے کہ اپنے پاک کپڑے اپنے پاس رکھا کریں، تاکہ ان نجس کپڑوں کی بجائے پاک کپڑوں میں نماز پڑھ سکیں۔ اور اس میں کوئی ایسی مشقت والی بات نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 146

محدث فتویٰ